© rasailojaraid.com



حدود آرڈی ننس مجریہ ۱۹۷۹ء، جو منتخب اسمبلی کے ۱۹۸۵ء میں منظوری کے بعد ملکی قوانین بن چکے ہیں، کمیشن کے مطالبات کا علمی و فکری جائزہ لیا گیا ہے جو بنیادی طور پر نہ صرف غیر آئینی، غیر قانونی بلکہ مضحکہ خیز ہیں۔ مصنفہ نے کمیشن کے اعتراضات کا قرآن و سنت، الہامی اور غیر الہامی مذاہب کے حوالے سے مضبوط دلائل کے ساتھ جواب دیا ہے۔ ان اسباب اور عوامل کی بھی نشان دہی کی ہے جن کی وجہ سے قوانین حدود کے نفاذ سے خاطرخواہ نتائج برآمد نہیں ہو سکے۔ ''منافی قانون اور الٰہی قانون کا فرق''، ''اسلامی قانون اور مغربی قانون کا تقابلی جائزہ''، نیز ''نفاذ حدود کی مختصر تاریخ'' عنوانات کے تحت اہم علمی نکات زیر بحث آئے ہیں۔

اصلاح احوال کے لیے انھوں نے ملّت (اُمّہ) اور مملکت کے سامنے چند تجاویز اور سفارشات بھی پیش کی ہیں۔ ان میں ایک تجویز فقہ کی تدوینِ جدید بھی ہے۔

ہمارے جدید تعلیم یافتہ اسلامی ذہن رکھنے والے طبقے نے اس معاملے کو ایک مسئلہ بنا دیا ہے، جب کہ اسلام میں یہ ایک طے شدہ معاملہ ہے کہ اجتہاد کے دروازے قرآن و سنت اور خاص طور پر حدیث معاذؓ کے حوالے سے ہمیشہ ہر دور کے لیے کھلے ہوئے ہیں۔ یہاں ہم یہ وضاحت ضروری سمجھتے ہیں کہ اجتہاد کا مطلب محض قرآن و سنت کے قوانین، یعنی حدود کو زمانے کے احوال وظروف کے سانچوں میں ڈھالنا نہیں ہے بلکہ اجتہاد کا مطلب ہر دور کے معاملات جن کا تعلّق معاشرت، معیشت، سیاست اور ہر شعبۂ زندگی سے ہے، ان کو قرآن و سنت کے ابدی احکام سے ہم آہنگ کرنا ہے۔ جیسا کہ ہمارے اس استدلال سے اتفاق کرتے ہوئے سپریم کورٹ کے وسیع تر بنچ نے ۱۹۹۳ء میں اپنے معرکہ آرا فیصلہ ظہیرالدین بنام سٹیٹ میں حتمی طور پر یہ قرار دیا ہے کہ آئین کے بنیادی حقوق (fundamental rights) بھی قرآن و سنت کے تابع ہیں اور جو قانون بھی اس سے متصادم ہو وہ کالعدم ہوگا۔ (محمد اسماعیل قریشی ایڈوکیٹ)

**لمحہ بہ لمحہ زندگی**، ابوالامتیاز ع س مسلم۔ ناشر: القمر انٹر پرائزز، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۷۳۰۔ قیمت: ۶۰۰ روپے۔

زیرنظر آپ بیتی مصنف (پیدایش: ۱۹۲۲ء) کی کثیرالجہات، متحرک اور جدوجہد سے

© rasailojaraid.com